## Cross sectorial dialogue about SDGs

### 1. Women Role in Kashmir:

The University of Poonch Rawalakot, in collaboration with the Human Rights Council, organized a seminar on "The Role of Women in the Kashmir and Palestine Movements." The Vice Chancellor of the University of Poonch Rawalakot highlighted the significant contributions of women in various aspects of daily life. Representatives from different societies and organizations discussed how women play a crucial role in building strong nations and advancing independence movements.





## 2. Mental Health importane

The University of Poonch Rawalakot, in collaboration with the Poonch Police Department and a local NGO Join hands, organized a seminar on "Why Mental Health is Important." The keynote speakers, SP Police Waheed Gilani and Dr. Arooba Imtiaz from Join Hands, discussed the crucial role students can play in addressing mental health challenges. They highlighted how various life challenges contribute to mental disorders and explored the growing issue of drug abuse among the younger generation, attributing it to the difficulties they face in daily life.

web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily PEARL VIEW Member AKNS Rawalakot

لائف ایڈیٹر: شفقت ضیاء

راولاکوٹ
اسلام آباد

روزنامہ
# پرل ویو

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد 09 | بدھ 29 مارچ 2023ء 07 رمضان المبارک 1444ھ 16 چیت 2078 ب | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ 036

# راولاکوٹ جامعہ پونچھ میں نفسیاتی امراض منشیات کا بڑھتا استعمال اور تدارک پر سیمینار

## نوجوانوں میں ڈرگز کا رجحان ہمارا بنیادی مسلہ بن گیا، کمیونٹی اور پولیس کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، ایس ایس پی وحید گیلانی

## مشکلات میں سر پکڑ کر بیٹھنا نہیں چیلنج سمجھ کر قبول کرنا ہے، یہی نفسیاتی مسائل کا حل، ڈاکٹر آروباء امتیاز اور دیگر کا خطاب

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں غیر سرکاری تنظیم جوائن ہینڈز کے تعاون سے "دماغی صحت کیوں ضروری" ذہنی تناؤ کے اسباب اور روک تھام کا طریقہ کار پر سیمینار میں ایس ایس پی راولاکوٹ وحید گیلانی اور ماہر نفسیات "کلینیکل سائیکالوجسٹ" ڈاکٹر آروباء امتیاز نے اپنے خطابات میں آزاد کشمیر میں نفسیاتی امراض کے پھیلاؤ اور ان کے تدارک کیلئے معاشرتی کردار پر سیر حاصل گفتگو کی۔ مہمان خصوصی ایس ایس پی عبدالوحید گیلانی نے کہا کہ نوجوانوں میں (بقیہ 42 صفحہ 03)



راولاکوٹ: جامعہ پونچھ میں سیمینار سے ایس ایس پی وحید گیلانی، ڈاکٹر رباء امتیاز، ڈائریکٹر سپورٹس محمد یونس خان اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

قبول کریں گے تو ان پر آسانی سے قابو پایا جاسکتا ہے لیکن اگر مسائل میں سر پکڑ کر بیٹھیں گے تو اس سے مسائل نا صرف مزید پیچیدہ ہو نگے بلکہ نفسیاتی بیماریوں اور خودکشیوں کی صورت میں نئے مسائل سامنے آئیں گے۔انھوں نے کہا کہ جس طرح کرنسی نوٹ کو بالکل مسل کر دوبارہ استعمال کرنے سے اس کی وقعت یا قدر و قیمت میں کمی نہیں آتی اسی طرح مسائل میں گرا شخص ناکارہ نہیں ہو جاتا بلکہ وہ سنبھل کر مزید پختہ عزم کیساتھ مسائل کے حل کیلئے کمربستہ ہو جاتا ہے۔اس لئے مسائل یا مشکلات کو ہم نے طاقت میں بدلنا ہے۔ایس ایس پی عبدالوحید گیلانی نے کہا کہ طلباء میں نشے کے رجحان پر قابو پانے کیلئے خاندان کا کردار بنیادی نوعیت کا ہے۔انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جہاں بہت سارے فوائد بھی ہیں وہاں والدین کیلئے ایک چیلنج بھی بن گیا ہے کہ وہ اس کے مثبت ستعمال کیلئے اپنی اولاد کے معمولات پر نظر رکھیں۔اس موقع پر انھوں نے آزاد کشمیر کے بڑے شہروں میں منشیات کے استعمال کے اعداد و شمار پیش کئے۔انھوں نے کہا کہ سال 2022ء میں کوٹلی میں سب سے زیادہ جبکہ راولاکوٹ کا دوسرا نمبر رہا۔راولاکوٹ سے 178 افراد گرفتار، 163 مقدمات قائم کئے گئے۔راولاکوٹ سے 671 بوتل شراب، 74 کلو چرس جبکہ 4 کلو ہیروئن پکڑی گئی۔انھوں نے کہا کہ داتوٹ اور پلندری میں آئس کے نشے کا رجحان دیکھا گیا۔پولیس نے 93 گرام آئس بھی برآمد کی۔انھوں نے کہا کہ پولیس نے مظفرآباد سے ڈرگز کی لعنت کا خاتمہ کر دیا ہے۔انھوں نے کہا کہ معاشرتی تعاون کے بغیر پولیس کیلئے اس رجحان کو تبدیل کرنا ممکن نہیں ہے۔لیکن دیکھنے میں آرہا ہے کہ کمیونٹی اس حوالے سے تعاون سے کترا رہی ہے۔بلکہ زیادہ تر کیسز رپورٹ کرنے سے گریز کی جاتی ہے۔انھوں نے کہا کہ پولیس کی کوششیں قابل تحسین ہیں عوام کے تعاون سے مزید اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔انھوں نے والدین پر زور دیا کے وہ کھانے کی میز پر اپنے بچوں کیساتھ ضرور بیٹھیں یہاں سے آپ کو بچوں کی مجموعی ایکٹویٹیز کا پتا چلے گا۔ بچوں کی دوستی اپنے ہم عمر بچوں کیساتھ ہونی چاہیے۔بچوں کی اپنے سے بڑے بچوں کیساتھ دوستی سے نفسیاتی مسائل جنم لیتے ہیں۔دریں اثناء ڈائریکٹر سپورٹس محمد یونس خان نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج کا سیمینار وقت کی عین ضرورت ہے ہم اس کو مزید بہتر نداز میں اور وسیع پیمانے پر آرگنائز کریں گے۔



نشیات کا بڑھتا ہوا رجحان ہمارے معاشرے کا بنیادی سلہ بن گیا ہے۔جس کے تدارک کیلئے عوام اور پولیس کو لمر کردار ادا کرنا ہوگا۔انھوں نے کہا کہ ڈرگز کے استعمال ی بنیادی وجوہات میں معاشرتی رویوں کیساتھ موبائل ارٹ فون کا غلط استعمال بھی ہے۔اس رجحان کو طاقت ے نہیں حکمت سے ختم کرنے کی ضرورت ہے جس پر لیس اپنی استطاعت کے مطابق بھرپور انداز میں کام کر ہی ہے۔ڈاکٹر آروباء امتیاز نے کہا کہ مسائل کو چیلنج سمجھ کر

web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily PEARL VIEW Member AKNS Rawalakot

Email: dailypearlview@gmail.com

روزنامہ پرل ویو

راولاکوٹ اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

جلد 09 | 24 نومبر 2023 | 11-1445 | 2080 | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ 250

# خواتین صنف آہن، تمام شعبوں میں انتہائی طاقتور کردار ہے

وائس چانسلر جامعہ پونچھ

فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کی مذمت، انسانی حقوق کے نام پر جنگوں میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہوئی، ڈاکٹر ذکریا ذاکر

ہیومن رائٹس کونسل کے تعاون سے کانفرنس میں چیئر مین ضلع کونسل جاوید شریف، کمشنر پونچھ ڈویژن سہیل اعظم اور دیگر کی شرکت

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں ''ہیومن رائٹس کونسل آف پاکستان'' کے تعاون سے ''کشمیر اور فلسطین کی تحریک آزادی میں خواتین کے کردار'' کے موضوع پر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس سے وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس)، چیئر مین ضلع کونسل سردار جاوید شریف ایڈوکیٹ، کمشنر پونچھ ڈویژن سہیل اعظم، سیکرٹری سپورٹس اینڈ کلچر مدحت شہزاد، ڈی آئی جی پونچھ، ڈی ایس پی ہجیرہ جبین کوثر، جموں (بقیہ 25 صفحہ 03)




راولاکوٹ: جامعہ پونچھ میں ہیومن رائٹس کونسل کے تحت کانفرنس کے موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریہ ذاکر، چیئر مین ضلع کونسل جاوید شریف، سہیل اعظم اور دیگر کا گروپ فوٹو

**بقیہ 25**

کشمیر ڈیموکریٹک پارٹی کی چیئر پرسن نبیلہ ارشاد ایڈوکٹ، صدر ہیومن رائٹس کونسل آزاد کشمیر اشتیاق احمد، صدر کونسل پونچھ محمد ابراہیم خان، ذوبیہ بابر ایڈوکیٹ، عابدہ آزاد کیانی اور دیگر سیاسی، سماجی اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے نمائندوں اور طلبہ وطالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ماضی قریب میں جتنی بھی جنگیں ہوئیں وہ ساری انسانی حقوق کے نام پر ہوئیں۔ اگرچہ ان جنگوں میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہوئی لیکن جارحیت انسانی حقوق کی آڑ میں ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ آزادی کی تحریکوں سمیت تمام شعبہ زندگی میں خواتین کا کردار انتہائی اہم اور بنیادی ہے۔ انسانی حقوق اور ان کے تحفظ کے بارے میں طلبہ کو آگاہ ہونا چاہیے۔ انسانی حقوق کے تحفظ کے بغیر کسی بھی شعبہ میں ترقی ممکن نہیں۔ انھوں نے کہا کہ خواتین صنف نازک نہیں بلکہ صنف آہن ہیں گھر سے لیکر ہر ادارے میں ان کا انتہائی طاقتور کردار ہے۔ وہ سوسائٹی کیلئے شو پیش نہیں بلکہ سوسائٹی کا لازمی جزو ہیں۔ مقررین نے کہا کہ معاشرے میں خواتین کا کردار بھی ان کے تناسب کے اعتبار سے نمایاں ہونا چاہیے۔ عورت اور مرد ایک ہی گاڑی کے دو پہیے ہیں اس لئے زندگی کی کسی بھی شعبہ میں خواتین کے کردار کو کم نہیں کیا جا سکتا۔ مسلم امہ کی تاریخ میں جنگوں اور فتوحات میں خواتین کا اہم کردار نظر آتا ہے۔ ڈی ایس پی ہجیرہ جبین کوثر نے کہا کہ کسی بھی شعبہ میں خواتین کا کردار روکنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ مختلف شعبوں میں خواتین نے اپنی جدوجہد اور محنت کی بنیاد پر اپنا لوہا منوایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مسئلہ فلسطین کو عالمی تناظر میں دیکھنا ہوگا۔ مسلم امہ کو ایک پیج پر آنا ہوگا۔